## اداریہ

"عالمِ اسلام اور عیسائیت" گذشتہ سال ڈیڑھ سے باقاعدگی سے شائع ہورہا ہے۔ ابتداء میں یہ مکمل طور پر اسلامک فاونڈیشن لیسسٹر کے ماہانہ اطلاع نامے Focus کے ترجمے پر مشتمل ہوتا تھا۔ بعد میں پاکستانی قارئین کے ذوق اور دلچسپیوں کے پیشِ نظر اس میں "اپنے وطن میں" کے عنوان کا اضافہ کیا گیا جس میں پاکستانی مسیحی آبادی کے افکار وخیالات اور مسلم۔ مسیحی تعلقات کے حوالے سے اہم سرگرمیوں کے بارے میں اکثر خود مسیحی ذرائع سے حاصل شدہ معلومات پیش کی جاتی رہی ہیں۔

زیرِ نظر شمارے سے "عالم اسلام اور عیسائیت" کے محتویات میں کچھ مزید اضافے کیے جارہے ہیں۔ اب اس میں اطلاعات کے ساتھ ساتھ مطالعۂ عیسائیت سے متعلق علمی مقالات بھی شامل ہوں گے۔ اسی طرح عیسائیت یا مسلم۔ مسیحی تعلقات کے حوالے سے شائع ہونے والی مطبوعات کا جائزہ لیا جائے گا۔

اس شمارے میں ایک نئے عیسائی فرقے۔ یونیفکیشن چرچ کے بارے میں جناب ضیاء الحسن فاروقی کا تعارفی مضمون شامل ہے۔ انگریزی اور بعض دوسری زبانوں میں تو اس فرقے سے متعلق کافی لٹریچر موجود ہے مگر اردو زبان میں یونیفکیشن چرچ کے بارے میں کچھ زیادہ نہیں لکھا گیا ہے۔ تبصرہ کتب کے ضمن میں زمبیا کے جناب احمد تھامسن کی انگریزی کتاب پر محترم ٹی۔ بی۔ اروِنگ کا تبصرہ شاملِ اشاعت ہے۔ یہ تحریر اس لحاظ سے نہایت بروقت ہے کہ ان دنوں نئی دنیا یعنی امریکہ کی دریافت کو پانچ سو سال گزرنے پر ہسپانیہ اور امریکہ میں جشن منائے جارہے ہیں مگر 1492ء سے ہسپانوی مسلمانوں پر جو ظلم وتشدد شروع ہوا اور تقریباً سوا صدی تک جاری رہا، یہ نگاہوں سے اوجھل ہوگیا ہے۔

"عالمِ اسلام اور عیسائیت" کو خوب سے خوب تر بنانے کے لیے ہمیں اپنے قارئین کے تعاون اور مشوروں کی پہلے کی طرح ضرورت رہے گی۔ (مدیر)